
# مودی کی گولی اور گالی کے مقابلے واجپئی کا گلے لگانا

ڈاکٹر سلیم خان




پہلگام کا دہشت گردانہ حملہ اور اس کے بعد آپریشن سیندور نے ملک کے سیاسی افق کو سرخ زار کردیا ۔ اس کی مدد سے اب سیاسی مانگ میں سیندور بھرنے کا کام بھی زور وشور سے جاری ہے۔

وزیر اعظم نے رگوں میں گرم کا دوڑنے لگنا اس حقیقت کا سب سے بڑا ثبوت ہے لیکن خیر یہ ان کا ذاتی معاملہ ہے۔ خون میں سیندور کے اثرات جب زبان تک پہنچے تو موصوف نے پاکستان کی عوام کو دھمکی دیتے ہوئے کہہ دیا کہ ”سکھ چین کی زندگی جیو، روٹی کھاؤ، ورنہ میری گولی تو ہے ہی۔“ اس سڑک چھاپ ’اشتعال انگیز‘ بیان کو پاکستان کی جانب سے ’غیر ذمہ دارانہ‘ قرار دیا گیا مگر مودی جی یا ان کے بھگتوں کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ وہ دونوں بھول گئے ہیں کہ 8 سال قبل یوم آزادی کے موقع پر انہوں نے کیا کہا تھا۔ آئین کی دفع 370 ختم کرنے ایک سال بعد لال قلعہ کی فصیل سے خطاب کرتے ہوئے 15 اگست 2017 کو آزادی کے 70 ویں سالگرہ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ کشمیر کا مسئلہ گولی یا گالی سے نہیں بلکہ گلے لگانے سے حل ہوگا۔

نریندر مودی کے اس بیان کو سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کے مشہور نعرہ ’جمہوریت، انسانیت اور کشمیریت‘ کا تسلسل سمجھا گیا مگر پہلگام حملہ اور آپریشن سیندور کے بعد اب چہار جانب گولی اور گالی کا بول بالا ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی چونکہ پنڈت نہرو سمیت کانگریس کو مسئلۂ کشمیر کی بنیادی وجہ سمجھتی ہے اس لیے اسے ملک کے اولین وزیر اعظم کا حوالہ دینا فضول ہے مگر اٹل بہاری واجپائی تو ان کی اپنی سیاسی جماعت کے بانی صدر تھے اور آگے چل کر وزیر اعظم کے عہدے پر بھی فائز ہوئے اس لیے وہ سنگھیوں کے لیے قابلِ تقلید ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے اپنے دورِ اقتدار میں کشمیر کے مسئلے کو حل کرنے میں بہت دلچسپی لی تھی۔ ان کی پر امن کوششوں میں جنگ سے بچنے پر خاص توجہ دی گئی تھی۔ جموں و کشمیر کے سرحدی علاقوں میں شدید کشیدگی کے باوجود وہ بس کے ذریعہ سفر کرکے پاکستان گئے تھے۔ اس پر انتہا پسندوں نے انہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ٹینک پر چڑھ کا پاکستان جانے کی صلاح دی گئی لیکن اس کی پروا کیے بغیر آنجہانی واجپئی نے ”لاہور ڈیکلریشن“ کے تاریخی معاہدے کی پہل کی۔

واجپئی کو ان کے ان اقدامات کی وجہ سے بڑے دل والا رہنما کہا گیا اور انہوں نے اپنی حکمت عملی سے اسے سچ ثابت کیا۔ سوال یہ ہے کہ کیا 56 انچ کی چھاتی والے وزیر اعظم کو بھی کوئی اس طرح کے خطاب سے نوازے گا یا وہ سیندور اور گولی کے لیے ہی یاد کیے جائیں گے؟ ہند و پاک تعلقات کے معاملے میں اٹل جی کی ساری کوششوں کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان حالات میں بہتر ہونے کے بجائے اس وقت بگڑ گئے جب پاکستان کی جانب سے کرگل میں دراندازی کے سبب کشیدگی پیدا ہوگئی۔ وہ اپنی دھن کے ایسے پکے تھے کہ حالات کی ناسازی کے باوجود بھی اٹل جی نے معاملے کو طول دینے کے بجائے حل نکالنے کا ارادہ کیا۔ انہوں نے بڑے دل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کے اس وقت کے صدر پرویز مشرف کے ساتھ مذاکرات پر زور دیا۔ کرگل تنازع کے دوران بھی انہوں نے ہند و پاک کے درمیان مواصلات کو ختم نہیں کیا۔





واجپئی کے زمانے میں باہمی مذاکرات کو اہمیت دی گئی، اس پر سیاست نہیں کی گئی مگر اب سب کچھ بدل چکا ہے۔ اس ہفتے تہران میں پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے کشمیر، دہشت گردی، پانی اور تجارت سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کی خاطر ہندوستان کے ساتھ امن مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی گئی۔ اس ایک پیشکش نے ہندوستان کی جانب سے بھیجے جانے والے تمام وفود کی کوششوں پر پانی یکسر پانی پھیر دیا۔ اس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے اپنی ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں ایسا جواب دیا کہ مودی سرکار کی شبیہ امن مخالف بن کر ابھر گئی ۔ انہوں نے کہا کہ ” دہشت گردی اور بات چیت ایک ساتھ نہیں چل سکتی“۔ پاکستان کی جانب سے امن مذاکرات کی پیشکش پر جیسوال نے زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان صرف پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے) کو حوالے کرنے اور دہشت گردی پر ہی بات چیت ہوگی۔ انہوں نے پاکستان سے دہشت گردوں کو بھارت کے حوالے کرنے کا مطالبہ کردیا۔

اس کے برعکس اس بار لوگوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر نکالا گیا۔ ایسا کرتے وقت ماں کو بچے سے جدا کردیا گیا اور علاج کرنے کے لیے آنے والوں کو آپریشن تک رکنے کی مہلت بھی نہیں دی گئی۔ اس سفاکی کے مظاہرے کو میڈیا میں اچھال کر اس پر فخر جتایا گیا۔ کیا وزیر اعظم نریندر مودی کے ’نئے بھارت‘ کا یہ نمونہ ہے؟ کیا ان کے نزدیک یہی جمہوریت کے سب سے بڑی طاقت ہونے کی علامت ہے؟ مودی جی نے کہا تھا ’جمہوریت صرف ووٹ تک محدود نہیں۔ نئے بھارت کی جمہوریت میں نظام کے بجائے عوام سے ملک چلے گا۔‘ لیکن فی الحال نظام کے ساتھ عوام کو بھی اپنے سیاسی مفاد کے تحت چلانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اٹل بہاری واجپئی نے اعلان کیا تھا کہ ’انسانیت کی خاطر جو کچھ بھی ممکن ہو وہ کشمیر کے لیے کیا جائے گا۔‘ اس دعویٰ کی دلیل کے طور پر 2001 میں آگرہ کے اندر ہند پاک مذاکرات کا اہتمام کیا گیا۔

اس موقع پر مشرف نے واجپئی سے وعدہ کیا تھا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں عسکریت پسندوں کے تربیتی کیمپوں پر روک لگائیں گے۔ دوطرفہ بات چیت کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں کمی آئی تھی اور کشمیر کی فضا بھی اس قدر پر امن ہونے لگی تھی کہ مرکزی حکومت نے وہاں سے فوج کی تعداد کم کرنے کا بھی فیصلہ کرلیا تھا تاہم، اس پر عمل درآمد نہیں ہوسکا۔ ہند و پاک کے درمیان مسئلہ کشمیر پر ان مذاکرات کا ایک منفرد پہلو یہ تھا کہ اس وقت کشمیر کے علیحدگی پسند رہنماؤں نے دوطرفہ بات چیت میں کشمیریوں کو بھی حصہ دار بنانے کا مطالبہ کیا اور واجپئی نے اسے بھی تسلیم کرلیا۔ اس طرح پہلی بار کشمیر کے علیحدگی پسند رہنماؤں کو بھارت پاکستان کے مابین منعقد ہونے والی بات چیت کے لیے مدعو کیا گیا۔ اس کشادہ دلی کے سبب واجپئی کی کشمیر کے تئیں حکمت عملی اور کردار کو آج بھی سراہا جاتا ہے۔

واجپئی کے زمانے میں باہمی مذاکرات کو اہمیت دی گئی، اس پر سیاست نہیں کی گئی مگر اب سب کچھ بدل چکا ہے۔ اس ہفتے تہران میں پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے کشمیر، دہشت گردی، پانی اور تجارت سمیت تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کی خاطر ہندوستان کے ساتھ امن مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی گئی۔ اس ایک پیشکش نے ہندوستان کی جانب سے بھیجے جانے والے تمام وفود کی کوششوں پر پانی یکسر پانی پھیر دیا۔ اس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے اپنی ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں ایسا جواب دیا کہ مودی سرکار کی شبیہ امن مخالف بن کرابھر گئی۔ انہوں نے کہا کہ ”دہشت گردی اور بات چیت ایک ساتھ نہیں چل سکتی“۔ پاکستان کی جانب سے امن مذاکرات کی پیشکش پر جیسوال نے زور دیا کہ دونوں ممالک کے درمیان صرف پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے) کو حوالے کرنے اور دہشت گردی پر ہی بات چیت ہوگی۔ انہوں نے پاکستان سے دہشت گردوں کو بھارت کے حوالے کرنے کا مطالبہ کردیا۔

مذکورہ بالا موقف وزیر اعظم نریندر مودی کے اس مکالمہ کی تائید کرتا ہے کہ ’دہشت گردی اور بات چیت ایک ساتھ نہیں چل سکتی، دہشت گردی اور تجارت ساتھ نہیں چل سکتی اور پانی اور خون ایک ساتھ نہیں بہہ سکتے‘۔ اس طرح کی ڈائیلاگ بازی انتخابی مہم میں تو چلتی ہے مگر سرکار کاری میں کام نہیں آتی۔ وزیر اعظم کو یہ فرق جتنی جلدی سمجھ میں آجائے اس میں ان کا ملک کا بھلا ہے۔ جیسوال نے 23 اپریل کو سندھ طاس معاہدے کی معطلی برقرار رہنے کا بھی اعادہ کیا جبکہ اس کے بہانے شملہ معاہدے کو معطل کرکے پاکستان نے امریکی مداخلت کا دروازہ کھول دیا ہے جو ہندوستان کے لیے زیادہ نقصان دہ ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اس کا بھرپور استعمال کررہے ہیں اور ان روکنے کا کوئی جواز موجود نہیں ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے واجپئی کی حکمت عملی کے برخلاف ریاست کی خصوصی حیثیت کو ختم کرکے کشمیریوں کے زخموں پر نہ صرف نمک پاشی کی بلکہ اظہار رائے کی آزادی کو مکمل طور پر کچل کر حالات کو دھماکہ خیز بنادیا۔

وزیر اعظم نے ۸ر سال قبل اپنے خطاب میں اعلان تو کیا تھا کہ: ’ہمیں کشمیر کے معاملے پر مل کر کام کرنا ہوگا (تاکہ) کشمیر کی جنت کو ہم دوبارہ محسوس کرسکیں اور ہم اس کے لیے پر عزم ہیں۔‘ پچھلے دو تین سالوں میں جنت نذیر کشمیر کے اندر سیاحوں تانتا بھی لگ گیا تھا لیکن پہلگام کی دہشت گردی کے واقعہ نے سارے کیے کرائے پر پانی پھیر دیا۔ اس معاملے سے بھی اگر ممبئی دہشت گرد حملے کی مانند نمٹا جاتا اور اس کا سیاسی فائدہ اٹھانے کے بجائے جرم کا ارتکاب کرنے والوں کو گرفتار کرکے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جاتا تو حالات ایسے نہ ہوتے کہ کشمیر سنسان پڑ جائے اور وہاں کی معیشت تباہ و برباد ہوجائے۔ پہلے تو میڈیا میں نفرت وعناد کا طوفان اور پھر اس کے بام عروج پر پہنچ جانے کے بعد آپریشن سیندور نے کشمیر کے سرحدی علاقوں کو جہنم زار بنادیا۔

۸ر سال قبل تو وزیر اعظم مودی نے درست کہا تھا کہ ’جب سرجیکل سٹرائکس ہوئیں تو دنیا نے ہماری طاقت کو تسلیم کیا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہم اکیلے نہیں ہیں۔ دنیا کے بہت سے ملک ہماری مدد کر رہے ہیں۔‘ لیکن اس بار عالمی برادری میں ہندوستان تنہا رہ گیا۔ اس تنہائی کو دور کرنے کے لیے پچھلے دنوں ۷ر وفود کو دنیا بھر میں بھیجنے کی نوبت آگئی۔ وزیر اعظم کو چاہیے کہ صبح شام اپنے بھگتوں کو نفرت کے نشے کی گولی کھلانے کے بجائے ان کے لیے عزت و وقار کی روٹی کا بندوبست کریں۔ وقت کی ضرورت گولی اور گالی کی نہیں بلکہ آگے بڑھ کر گلے لگانے کی ہے۔

☆☆☆

# فرقہ واریت پر سیکولرزم کو ترجیح دینا ضروری!

ڈاکٹر جہاں گیر حسن



ہندوستان جو کبھی گنگا-جمنی مشترکہ تہذیب، مذہبی ہم آہنگی اور ثقافتی تنوع کا روشن مینار تسلیم کیا جاتا تھا، جو کبھی مہاتما گاندھی، مولانا آزاد، جواہر لال نہرو، سردار پٹیل اور امبیڈکر جیسے اتحاد و یگانگت کے پیامبروں کی سرزمین تھا، جو سیکولرزم اور جمہوریت کا ایک سمبول تھا، جس کا صاف اور واضح پیغام تھا کہ حکومت کسی بھی مذہب کی حمایت یا مخالفت نہیں کرے گی اور تمام مذاہب کے ماننے والوں کو برابری کی بنیاد پر زندگی گزارنے کا حق حاصل ہوگا۔ ریاست کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہوگا۔ تمام مذاہب کے ماننے والوں کو یکساں حقوق دیے جائیں گے۔ مذہب کو سیاست یا سرکاری پالیسی سے الگ رکھا جائے گا، آج وہ ایک نازک موڑ پر کھڑا ہے اور فرقہ واریت کے چکرویو میں جکڑتا جارہا ہے۔ فرقہ واریت، جو مذہب کی بنیاد پر نفرت، تعصب اور تشدد کو ہوا دیتا ہے، آج اس نے ہندوستانی سماج وسیاست، یہاں تک کہ تعلیمی، مذہبی اور عدالتی اداروں کو بھی اپنی چپیٹ میں لے رکھا ہے۔ اس کے اثرات صرف سیاسی یا قانونی نہیں بلکہ تہذیبی اور اخلاقی میدان پر بھی نمایاں ہیں۔ اس کے برعکس سیکولرزم اور جمہوریت کے تمام مباحث واصول محض کتابی صفحات تک محدود ہوتے جا رہے ہیں۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ تمام قوانین ہوتے ہوئے بھی اقلیتی طبقات بالخصوص مسلمانوں، دلتوں اور عیسائیوں کو بار بار نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کہیں مسجدیں منہدم کی جارہی ہیں، کہیں اقلیتوں کے تعلیمی ادارے توڑے جارہے ہیں۔ کہیں اُن کے مذہبی شناخت پر حملے ہورہے ہیں، تو کہیں اُن کی شہریت کے قانون کو مذہبی رنگ دیا جارہا ہے۔

فرقہ واریت (Communalism) ایک ایسی فکر یا نظریہ ہے جس میں انسان مذہب، فرقے یا عقیدے کی بنیاد پر دوسروں سے نفرت کرتا ہے یا اپنے مذہب کو برتر سمجھ کر باقی مذاہب کو کم تر گردانتا ہے۔ یہ سوچ نہ صرف سماجی ہم آہنگی کے لیے زہر قاتل ہے بلکہ قومی یکجہتی، معاشی ترقی اور جمہوری وسیکولر اقدار کے لیے بھی خطرناک ہے۔ ہندوستانی تناظر میں فرقہ واریت اکثر ہندو-مسلم فسادات، اقلیتی طبقوں کی تذلیل، یا مذہب کے نام پر سیاست کرنے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ تاریخی تناظر ہندوستان میں فرقہ واریت کی جڑیں سیاست ومعاشرت میں بہت ہی دور تک پھیلی ہوئی ہیں۔ برطانوی سامراج نے ”تقسیم کرو اور حکومت کرو“ کی پالیسی کے تحت ہندو اور مسلمانوں کے درمیان خلیج پیدا کی۔ اگرچہ مذہبی تناؤ پہلے بھی موجود تھا، لیکن برطانوی حکمت عملی نے اُسے منظم اور سیاسی رنگ دے دیا۔ ۱۹۴۷ء کی تقسیم کے دوران ہونے والی خونریزی نے فرقہ وارانہ نفرت کو انتہا تک پہنچا دیا۔ آزادی کے بعد بھی مختلف مواقع پر ملک نے کئی خطرناک فسادات دیکھے، ۱۹۹۲ء میں بابری مسجد کا انہدام اور اُس کے بعد رُونما ہونے والے فسادات، ۲۰۰۲ء میں گجرات فساد اور ابھی چند برسوں پہلے دہلی کے شمال مشرقی علاقے میں ہونے والے فسادات شامل ہیں۔ اس کے ساتھ فرقہ وارانہ فکر کے حامل افراد کو خوش رکھنے کے لیے بابری مسجد کا فیصلہ، ورشپ ایکٹ ہوتے ہوئے متھرا عیدگاہ، گیان واپی، سنبھل مسجد، اجمیر درگاہ تنازعات اور ماب لنچنگ جیسے واقعات بھی شامل ہیں۔

اِن تمام فسادات وواقعات نے یہ ثابت کردیا کہ فرقہ واریت اب ایک وقتی اشتعال انگیزی تک محدود نہیں رہی، بلکہ ایک منظم سوچ بن چکی ہے۔ گزشتہ کچھ برسوں میں فرقہ واریت کا زہر بڑی تیزی سے پھیلتا جارہا ہے۔ ایک طرف سوشل میڈیا نے جھوٹی خبروں اور اشتعال انگیز بیانیوں کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، تو دوسری طرف سیاسی جماعتوں نے بھی ووٹ بینک کی سیاست کے لیے مذہب کو ہتھیار بنالیا ہے۔ مسلمانوں کو کبھی ”دشمن“ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، تو کبھی ”لو جہاد“ یا ”گاؤ کشی“ جیسے بیانیے بنا کر اُن کی شناخت کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ فرقہ واریت صرف مسلمانوں یا اقلیتوں تک محدود نہیں، بلکہ یہ پورے سماج کو کھوکھلا کر رہا ہے۔ تعلیم، روزگار، صحت اور دیگر بنیادی مسائل پسِ پشت چلے گئے ہیں، جب کہ مذہب کے نام پر نفرت، ریلیاں اور سوشل میڈیا پر مہمات زور پکڑتی جارہی ہیں۔

ہندوستانی سیاست میں فرقہ واریت کا عمل دخل دن بدن بڑھتا جارہا ہے۔ کئی سیاسی جماعتیں مذہبی جذبات کو بھڑکا کر ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ انتخابات کے دوران مذہبی نعروں، فرقہ وارانہ بیانات اور مذہبی ریفرنسز کا استعمال عام ہوگیا ہے۔ یہاں تک کہ کچھ امیدوار اعلانیہ ایک مخصوص فرقے کے خلاف نفرت آمیز تقاریر کرتے ہیں اور انھیں سیاسی تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ عدلیہ، جو کسی بھی جمہوری ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے، اس پر بھی بعض اوقات جانبداری کے الزامات لگتے ہیں۔ ایسے معاملات میں جہاں اقلیتوں کو عدل وانصاف کی تلاش ہوتی ہے، انصاف کی فراہمی میں تاخیر یا جانبداری اُن کے اعتماد کو متزلزل کرتی ہے۔

سوشل میڈیا، جو کبھی اظہار رائے کی آزادی کا پلیٹ فارم سمجھا جاتا تھا، آج فرقہ واریت پھیلانے کا سب سے بڑا ہتھیار بن چکا ہے۔ فرضی خبروں، فوٹو شاپ تصاویر اور اشتعال انگیز ویڈیوز کے ذریعے مختلف مذہبی طبقوں کے درمیان نفرت بڑھائی جارہی ہے۔ وہ نوجوان جو ترقی، تعلیم اور تحقیق میں ملک کا نام روشن کرسکتے تھے، اب WhatsApp یونیورسٹی کے ذریعے نفرت کے سوداگر بن رہے ہیں۔ علاوہ ازیں فرقہ واریت نے معاشرتی ہم آہنگی کو بھی تباہ وبرباد کرکے رکھ دیا ہے۔ جہاں پہلے ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی ایک ساتھ تہوار مناتے تھے، اب عدم اعتماد، خوف اور تناؤ نے اُن کے رشتے کھوکھلے کردیے ہیں۔ مخلوط علاقوں میں رہنے والے افراد نقل مکانی پر مجبور ہوجاتے ہیں، اقلیتی ادارے اور تنظیمیں دباؤ کا شکار ہورہی ہیں اور تعلیمی اداروں میں بھی مذہب کی بنیاد پر تفریق دیکھی جا رہی ہے۔ مذہب، جو اِنسانیت، رواداری اور محبت کا پیغام دیتا ہے، آج نفرت، شدت پسندی اور سیاست کے لیے اِستعمال ہورہا ہے۔ ہندو مذہب کا اُصول ”اہنسا پرمودھرمہ“ ہے اور اِسلام کا پیغام ”محبت سب کے لیے“ ہے، تو اس طرح تمام مذاہب انسان کو اِنسانیت کا درس دیتے ہیں، مگر سیاسی وسماجی مفادات کی خاطر اِن مذہبی تعلیمات کو بھی مسخ کردیا گیا ہے۔ لیکن اِن تمام ناگفتہ بہ حالات میں بھی گھبرانے کی بجائے تمام باشندگان ہند کو اِنتہائی سنجیدگی سے غور وفکر کرنا ہوگا اور اِن حالات پر قابو پانے کے لیے تدابیر اختیار کرنے ہوں گے کہ ہم بھی اپنے اپنے متعلقین ومتوسلین کو ہر سطح پر تنوع، رواداری اور مختلف مذاہب کے احترام کا درس دینا اپنے اوپر لازم کرلیں۔ سیاسی جماعتیں مذہب وقوم سے بالاتر ہوکر تعمیر وترقی، تعلیم وتربیت اور صحت وروزگار پر توجہ دینا شروع کریں۔ اہل میڈیا بہرصورت غیر جانبدار، صداقت پر مبنی اور اَخلاقی صحافت کو فروغ دیں۔ ایڈمنسٹریشن بلاتفریق مذہب، متشددین کے خلاف سخت قانونی اقدامات کرنے کا اپنا معمول بنائیں۔ تمام مذاہب کے علما وفضلا میل ڈاک کو فروغ دیں، تاکہ عوام میں رائج غلط فہمیاں دور ہوں۔

بہرحال! فرقہ واریت ایک ایسا ناسور ہے جو ہندوستان کی جڑوں کو کھوکھلا کر رہا ہے۔ اگر ہم نے اِس نظریے کے خلاف بروقت کوئی ٹھوس قدم نہ اٹھایا تو یہ ملک اپنی شناخت، اپنے اتحاد اور اپنے جمہوری اقدار سے محروم ہوسکتا ہے۔ ہمیں یاد رکھنا ہوگا کہ ہندوستان صرف زمین کا ٹکڑا نہیں، بلکہ یہ تہذیبوں، عقیدوں اور رنگارنگ ثقافتوں کا حسین گلدستہ ہے۔ اس گلدستے کی خوشبو کو قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم نفرت کی جگہ محبت، تعصب کی جگہ رواداری، اور تقسیم کی جگہ اتحاد کو اپنائیں۔ واضح رہے اگر ہم ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور عدل وانصاف پر مبنی ہندوستان چاہتے ہیں، تو ہمیں فرقہ واریت پر سیکولرزم کو ترجیح دینی ہوگی اور صداقت وانصاف کے ساتھ بلاتفریق پوری انسانی برادری کو تحفظ فراہم کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆

# اقوام متحدہ کے سامنے انسانی ضمیر کا قتل!

## سامراجی طاقتوں کا ناپاک منصوبہ یہ ہے کہ مسلم معاشروں کو پسماندہ رکھ کر اسلامی ممالک کی دولت وثروت کو لوٹا جائے

نواب علی اختر



غزہ، لبنان اور ملک شام صہیونیوں کے ہولناک جرائم کا نشانہ بنے ہوئے ہیں، غاصب یہودیوں نے نہ صرف انسانی حقوق کو بازیچہ بنایا ہے بلکہ اس نے نام نہاد عالمی ادارے کی آنکھوں کے سامنے انسانی ضمیر کو بھی گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کردیا ہے۔ غزہ محصور ہے، اس کے ہر انچ پر بم گرائے گئے ہیں، غزہ وہ مقام ہے جہاں نہتی خواتین اور بچے ملبے تلے جان کی بازی ہار رہے ہیں اور وہاں کے اسپتالوں کو ادویات کی قلت اور بجلی کے نہ ہونے کا سامنا ہے، لیکن غزہ کو اقوام متحدہ کے ہوتے ہوئے حق حیات ہرگز نہیں دیا گیا۔ لبنان کو صہیونی ریاست کی وحشیانہ جارحیتوں میں اپنے پیاروں، کمانڈروں اور اپنے قائد کے چلے جانے کا غم برداشت کرنا پڑا ہے اور آج شام ایک طرف سے دہشت گردی کا زخم سہہ رہا ہے، عوام بدامنی کا شکار ہیں، لوگوں کو الاعلان سڑکوں پر سزائے موت دی جارہی ہے، بستیوں پر حملے ہورہے ہیں اور وہاں قتل عام ہورہا ہے تو دوسری طرف سے یہودیوں نے اس ملک میں براہ راست مداخلت کی ہے اور بمباریوں کا نشانہ بنایا ہے، اس کی حکمرانی اور سلامتی آج جعلی یہودی ریاست کے توسیع پسندانہ عزائم ومقاصد کے رحم وکرم پر ہے۔

ان تمام واقعات کے باوجود اقوام متحدہ کی عالمی تنظیم عدل و انصاف کا ترجمان ہونے کے بجائے ایک بے کردار تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے۔ اس کے مختلف شعبے بشمول سلامتی کونسل امریکی ویٹو کے ذریعے مفلوج ہوچکے ہیں، اس کا سیکریٹری جنرل بے فائدہ اور بے اثر بیانات کو کسی بھی عملی اقدام پر ترجیح دے رہا ہے۔ یہ عالمی ادارہ عملی طور پر امریکہ اور اس کے اتحادیوں اور ان کی پالیسیوں کے ہاتھوں میں یرغمال ہے اور امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مظلوم کو جارح اور جارح کو مظلوم قرار دیا جارہا ہے۔ موجودہ وقت میں صہیونی جرائم کو ’ذاتی دفاع‘ کے عنوان سے متعارف کرایا جارہا ہے اور صہیونیوں کو مزید جرائم کی ترغیب دلائی جارہی ہے اور سیکریٹری جنرل کو بھی اسی مشن پر کاربند رہنا پڑ رہا ہے۔ جناب کی نگاہ میں بھی اور اس کے ماتحت ادارے کے یہاں بھی حقیقت اور عدالت وانصاف کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ ایسے حال میں کہ غزہ کے مظلوموں کو خاک وخون میں تڑپایا جارہا ہے، لبنان کے کھنڈرات یہودی ریاست کے جرائم کا ثبوت پیش کررہے ہیں اور شام بھی غزہ کے انجام سے دوچار ہورہا ہے۔

اقوامِ متحدہ کچھ بے روح اور ٹھنڈے سے بیانات جاری کرکے یہ جتانے کے لئے کوشاں ہے کہ اس نے گویا اپنے فرائض پر عمل کرلیا۔ کیا یہ وہی عالمی ادارہ نہیں ہے جس کا شعار اور اس کی تشکیل کا مقصد اور اس کا وعدہ یہ تھا کہ ’بنی نوع انسان کی اگلی نسلوں کو جنگ نامی بلا سے نجات ملے گی!‘ ایک وقت تھا جب مظلوم افراد اس عالمی ادارے کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھتے تھے لیکن آج غزہ، لبنان اور شام میں صہیونی ریاست اور امریکہ کے جرائم نے اقوامِ متحدہ کی متضاد پالیسیوں اور غیر انسانی رویوں کو طشت ازبام کردیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ صہیونی وزیر اعظم نے اس سے قبل اپنے ایک ویڈیو پیغام میں شامی عوام سے کہا تھا کہ اسرائیل کو صرف اسد حکومت سے مسئلہ ہے جبکہ شام کے عوام کی جانب صرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا جائے گا لیکن اسد حکومت گرنے کے دوسرے ہی روز شام کے 400 مراکز کو نشانہ بنایا گیا جن میں فوجی مراکز کے علاوہ سائنسی اور سماجی ادارے حتیٰ کہ بنیادی ڈھانچے کی تنصیبات بھی شامل تھیں اور یہ بمباریاں مسلسل جاری ہیں اور خود صہیونیوں کا اعتراف ہے کہ شام کی 80 سے 90 فیصد فوجی اور سائنسی تنصیبات اور پوری فضائیہ اور پوری بحریہ کو تباہ کردیا گیا ہے۔



سامراجی طاقتوں کا ناپاک ارادہ یہ ہے کہ مسلم معاشروں کو پسماندہ رکھ کر اور پیچھے دھکیل کر انہیں مغربی ممالک بالخصوص امریکہ سے مکمل طور پر دست نگر بنا کر رکھیں اور اس کا غلط فائدہ اٹھاتے ہوئے اسلامی ممالک کی دولت وثروت کو لوٹا جائے۔

ایک سوال یہ اٹھتا ہے کہ اقوامِ متحدہ جس نے صہیونیوں کے ان جنون آمیز اقدامات کے سامنے خاموشی اختیار کررکھی ہے، اگر ایسے ہی حملے فرانس کی سوربن یونیورسٹی یا امریکہ کے ایم آئی ٹی کالج پر کیے جاتے تو کیا یہ عالمی ادارہ اسی طرح خاموش تماشائی بنا رہتا؟ اگر امریکی اور یورپی سائنس دان ہلاک ہوتے تو اسی طرح لاپرواہی برتی جاتی؟ یہ واضح بات ہے کہ یونیورسٹی تعلیم اور تربیت کا مرکز ہے۔ مشرقی ثقافت اور اسلامی تہذیب میں مسجدوں کی طرح تعلیمی مراکز بھی محترم ہیں اور کسی کو بھی ان کی بے حرمتی کا حق حاصل نہیں ہے۔ لہٰذا اس وقت پوری دنیا کی سائنسی برادری سے توقع ہے کہ علم وانسانیت دشمن صہیونیوں کے اس رویے کو روکنے کی بھرپور کوشش کرے اور اسے نظر انداز ہونے نہ دے۔ چنانچہ عالمی برادری کو اس حقیقت سے آگاہ ہونا چاہئے کہ اقوامِ متحدہ سے عدل وانصاف کی توقع ایک وہم اور مکمل طور پر بے جا ہے کیونکہ یہ تو خود بھی بڑی طاقتوں کے ہاتھوں میں قید ہے! چنانچہ وہ وقت آن پہنچا ہے کہ دنیا مزید ان مفلوج اداروں کا سہارا نہ لے اور ایسے نظام کی طرف چلی جائے جو مظلوموں کی آواز بنے اور جارحین کے مقابلے میں ڈٹ کر کھڑا ہوجائے۔ اہم بات یہ ہے کہ خطے میں قتل وغارت گری بالخصوص مسئلہ فلسطین کے دوران محاذِ مقاومت کو جو مقام ومرتبہ حاصل ہوا ہے اس نے صہیونیت کی نیندیں حرام کردی ہیں۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ انتہائی خطرناک ہتھیاروں کا استعمال کرنے کے باوجود اسرائیل اور اس کے ہمنوا اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوپائے، وہیں محاذِ مقاومت نے اس جنگ میں وہ نقوش چھوڑے ہیں جو رہتی دنیا تک یاد کیے جائیں گے۔ مقاومت ایک ایمان اور تفکر ہے، ایک قلبی اور حتمی عزم وارادہ ہے، مقاومت ایک اعتقادی مکتب ہے۔ جو چیز کچھ لوگوں کے ایمان کو تشکیل دیتی ہے وہ ایک معاہداتی قضیہ نہیں ہے، کہ میں کہہ دوں کہ یہ لوگوں کا ایمان کیوں ہے، یہ ایمان واعتقاد دباؤ آنے سے نہ صرف کمزور نہیں ہوتا بلکہ پہلے سے زیادہ طاقتور ہوجاتا ہے۔ محاذِ حق کے بارے میں وجودی جنگ کا ادراک، گہری نگاہ کا محتاج ہے۔ اگر آپ اسے نہیں سمجھیں گے تو نہیں سمجھ سکیں گے کہ محاذِ حق کے لئے وجودی خطرہ کیا ہے؟ اگر آپ کی سمجھ میں کوئی چیز آئی ہے تو دیکھ لیں کہ کیا یہ آپ کے تخیلات نہیں ہیں؟ ہر نقصان اور دراڑ ’وجودی خطرہ‘ نہیں کہلاتا۔ مغربی گفتاروں کے ذریعے حق کی حقیقت کا حساب وکتاب نہیں کیا جا سکتا۔ محاذِ حق بین الاقوامی قواعد اور رائے عامہ کو ملحوظ رکھتا ہے اور اپنے مقصد اور موقف کو آگے بڑھاتا ہے۔ یہ یاد رکھنے کی بھی شدید ضرورت ہے کہ اسرائیل کے ہاتھوں ایران، عراق، شام، فلسطین، لبنان اور عالمِ اسلام کے دیگر ممالک کے نامی گرامی سائنس دانوں کے قتل اور ان ملکوں کی سائنسی، صنعتی اور علمی مراکز اور تنصیبات کی تباہی کا اصل مقصد، ان ملکوں کی سائنسی، صنعتی اور معاشی ترقی کو روکنے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہو سکتا ہے۔ سامراجی طاقتوں کا ناپاک ارادہ یہ ہے کہ مسلم معاشروں کو پسماندہ رکھ کر اور پیچھے دھکیل کر انہیں مغربی ممالک بالخصوص امریکہ سے مکمل طور پر دست نگر بنا کر رکھیں اور اس کا غلط فائدہ اٹھاتے ہوئے اسلامی ممالک کی دولت وثروت کو لوٹا جائے۔ ☆☆☆

مضمون ومراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر وایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی-وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

